© rasailojaraid.com

ملے گا۔آخر میں مسائل کے عنوان کے تحت مختلف فقہی مسائل کا ذکر ہے۔

آپ کا اسلوب و انداز آسان، عام فہم اور دل نشین ہے۔ ہر خطبے کی ابتداء میں موضوع کی مناسبت سے قرآنی آیات اور احادیث نبویہ پیش کرتے ہیں، کتاب میں ذیلی عنوانات لگانے کا اہتمام کیا گیا ہے۔البتہ قرآنی آیات کے حوالے اور احادیث مبارکہ کی تخریج کر دی جاتی تو کتاب کی اہمیت دو چند ہو جاتی۔

کتاب مضبوط جلد بندی، خوبصورت سرورق اور متوسط نہ کاغذ کے ساتھ شائع ہوئی ہے، کمپوزنگ اور سیٹنگ میں سلیقہ مندی نمایاں ہے۔

**کتاب الحج**، مؤلفہ: مولانا محمد عابد ندوی، صفحات: جلد اول: 364، جلد ثانی: 310 سائز: 23×36/16، قیمت مکمل دو جلد (اعلیٰ): 850 روپے، (سادہ): 500 روپے، ناشر: زمزم پبلشرز، اردو بازار، کراچی۔

حج اسلام کے پانچ بنیادی ارکان میں سے ایک ہے، آپ ﷺ نے حج کی اہمیت کو واضح کرتے ہوئے فرمایا: ''اگر قدرت کے باوجود کوئی شخص حج نہ کرے وہ چاہے تو یہودی ہو کر مرے یا نصرانی ہو کر'' گویا حج ایمان کی علامت ہے۔حج کی اس اہمیت کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی عبادت و بندگی کے ساتھ ساتھ تربیت کا پہلو بھی ہے۔

حج کا مقصد شعائر اللہ کی تعظیم اور اس سے عبرت خیزی اور نصیحت آموزی بھی ہے، اسی کو قرآن مجید نے کہا: ﴿ومن یعظم شعائر اللّٰہ فإنہا من تقوی القلوب﴾۔(الحج:۳۲)

حج کا موضوع شروع سے محدثین اور فقہاء کے غور و فکر اور تصنیف و تالیف کا مرکز توجہ رہا ہے، عربی زبان میں فقہ کی عام کتابوں کے علاوہ -- جن میں تمام فقہی ابواب زیر بحث آئے ہیں --، خاص حج کے موضوع پر درجنوں تالیفات منظر عام پر آ چکی ہیں، اُردو زبان میں بھی احکام حج پر اچھا خاصا ذخیرہ موجود ہے۔لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ نئی نئی ایجادات اور ضروریات کی وجہ سے بعض ایسے مسائل پیش آ جاتے ہیں کہ ان کی وجہ سے سابقہ احکام میں تبدیلی ہو جاتی ہے۔

زیر نظر کتاب ''کتاب الحج'' بھی فاضل مؤلف نے اسی ضرورت کو پیش نظر رکھتے ہوئے تالیف کی ہے۔یہ کتاب بقول مؤلف تین یا چار جلدوں پر مشتمل ہوگی۔فی الوقت ہمارے زیر تبصرہ اس کی پہلی دو جلدیں ہیں۔پہلی جلد ''حرمین شریفین، فضائل و آداب'' کے نام سے ہے، جس میں خانہ کعبہ اور غلافِ کعبہ کی تاریخ، کعبۃ اللہ کی عظمت و حرمت، حرم شریف کی عظمت و حرمت، حرمِ اقدس میں گناہوں کا وبال اور مدینہ منورہ کے فضائل و برکات پر مستند احادیث و روایات سے استفادہ کرتے ہوئے تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے، دوسری جلد ''حج و عمرہ، فضائل و آداب'' کے نام سے موسوم ہیں، اس میں پہلا باب حج و عمرہ کی اہمیت اور اس کے فضائل کے بیان میں ہے، دوسرا باب حج و عمرہ کے مختلف افعال، مثلاً: تلبیہ، طواف، سعی، حجر اسود کی تقبیل، حلق و قصر، یوم عرفہ اور وقوفِ عرفہ، قربانی، عشرۂ ذی الحجہ اور ایامِ تشریق کے اعمال و اذکار کے بیان میں ہے، تیسرا باب مشاعر مقدسہ منیٰ، عرفات، مزدلفہ، حجر اسود، رکن یمانی، مقام ابراہیم، زمزم، کعبۃ اللہ، حطیم اور ملتزم کے فضائل پر مشتمل ہے، چوتھا باب میں ان


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

نیکیوں کا ذکر ہے، جن کے حج وعمرہ کے برابر ہونے کا احادیث میں ذکر آیا ہے۔

فاضل مولف کا انداز سہل اور عام فہم ہے کہ عام پڑھا لکھا بھی مستفید ہوسکتا ہے۔ ہر بات باحوالہ بیان کی گئی ہے ۔کتاب کے آخر میں ''کتابیات'' کے عنوان کے تحت ان مراجع کا ذکر ہے جن سے مؤلف نے استفادہ کیا ہے، دونوں جلدوں کے مراجع کی مجموعی تعداد تقریباً ڈیڑھ سو ہے، جس سے مصنف کی محنت اور علمی کاوش کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

بقول حضرت مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب مدظلہ ''یہ اُردو زبان میں حج کے موضوع پر لکھی جانے والی سب سے جامع اور اہم تالیف ہے، جو حج سے متعلق تمام ضروری پہلوؤں کا احاطہ کرتی ہے''۔

یہ کتاب مضبوط جلد، متوسط کاغذ اور عمدہ طباعت اور ٹائٹل کے ساتھ چھپی ہے، کمپوزنگ اور سیٹنگ بھی معیاری ہے۔

**اسلامی بینکاری ، ایک تعارف**، مؤلف: ڈاکٹر محمود احمد غازیؒ، تدوین: سید عزیز الرحمٰن، صفحات: 111، قیمت: 80 روپے، ناشر: زوار اکیڈمی پبلی کیشنز، ناظم آباد، کراچی

ڈاکٹر محمود احمد غازی صاحب کی شخصیت تعارف کی محتاج نہیں، آپ فقہ اسلامی، قانون اور معاشیات پر ماہر فن کا درجہ رکھتے تھے، پاکستان میں اسلامی بینکاری کے حوالے سے ہونے والی کوششوں میں آپ کا نام نمایاں ہے اور اس حوالے سے ہونے والی کوششوں کے چشم دید گواہ بھی ہیں۔

زیر نظر کتاب ''اسلامی بینکاری، ایک تعارف'' ڈاکٹر محمود غازی صاحب کے محاضرات (لیکچرز) کا مجموعہ ہیں، جوانہوں نے دینی مدارس کے منتخب فضلاء کے سامنے بیان کیے تھے، ان تمام محاضرات کو مولانا سید عزیز الرحمٰن نے مرتب کیا ہے۔ زیر تبصرہ کتاب میں اسلامی بینکاری کے تینوں ممکنہ فریقوں ''(۱) سرمایہ دار، صنعت کار اور تاجر (۲) بینک (۳) حکومت'' کے کردار پر روشنی ڈالی ہے اور ان کے رویوں پر بے لاگ تبصرہ کیا ہے۔

کتاب چار بڑے عنوانات پر مشتمل ہے، جو یہ ہیں: (۱)......اسلامی بینکاری کیا ہے؟ (۲)......جدید نظام بینکاری کے فرائض (۳)......اسلامی معیشت کے قیام کے لیے اقدامات (۴)......پاکستان میں اسلامی بینکاری۔

فاضل مؤلف کا انداز بیان سادہ اور عام فہم اور دل سوزی سے بھرپور ہے۔ ایک عام شخص بھی اس کتاب کے مطالعہ کے بعد اسلامی بینکاری کے بارے میں اچھا خاصہ جان سکتا ہے۔

ہماری رائے میں یہ کتاب ہر عالم، مفتی اور تخصص فی الفقہ کے طلبہ کے مطالعہ میں ہونی چاہیے۔

کتاب کی طباعت واشاعت معیاری ہے، کارڈ ٹائٹل کے ساتھ چھاپی گئی ہے۔

☆......☆......☆



© rasailojaraid.com